ME 613

Reg. No. : ....

Name : ....

FIRST YEAR HIGHER SECONDARY MODEL EXAMINATION, JUNE 2022

Part – II

URDU

Maximum : 80 Scores

Time : 2½ Hours

Cool-off Time : 15 Minutes

General Instructions to Candidates :

- *There is a 'Cool off time' of 15 minutes in addition to the writing time of 2½ hours.*
- *Use the 'Cool off time' to get familiar with questions and to plan your answers.*
- *Read questions carefully before answering.*
- *Read the instructions carefully.*

Score

(7×1=7)

'1' سے '9' تک کے سوالوں میں سے کسی '7' کے جواب ایک ایک لفظ میں لکھئے :

1. افسانہ "ٹوبہ ٹیک سنگھ" کے لئے کوئی دوسرا مناسب عنوان تجویز کیجئے۔

2. پسندیدہ کسی ایک قومی رہنما کا نام لکھئے۔

3. کسی ایک غزل گو شاعر کا نام لکھئے جس سے آپ زیادہ متاثر ہو۔

4. بہت سے شعراء نے تاج محل پر نظمیں لکھی ہیں۔ ایسے ایک شاعر کا نام لکھئے۔

5. پسندیدہ کسی ایک رُباعی گو شاعر کا نام لکھئے۔

6. رُباعی میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

7. اُردو ادب میں عوامی شاعر کی حیثیت سے کون مشہور ہے؟

Score

8. پسندیدہ کسی ایک خطوط نگار ادیب کا نام لکھئے۔

9. ایک اُردو فلم کا نام لکھئے جو ہندوستانی فلمی دُنیا میں زیادہ مشہور ہو۔

'10' سے '15' تک کے سوالوں میں سے کسی '4' کے جواب کم سے کم دو جملوں میں لکھئے : (4×2=8)

10. پسندیدہ کسی غزل کا ایک شعر لکھئے۔

11. ذیل میں دیئے گئے الفاظ سے جمع چُن کر لکھئے۔

(دروازے کتاب لڑکیاں بچہ)

12. دیئے گئے جملوں میں سے رُباعی کی خصوصیت چُن کر لکھئے۔

- پہلا ، دوسرا اور چوتھا مصرعہ ہم قافیہ اور ہم ردیف ہوتا ہے۔
- آخری شعر مقطع ہے جس میں شاعر کا نام ہو۔

13. پسندیدہ دو غزل گلوکاروں کے نام لکھئے۔

14. سبق "مجھے کچھ کہنا ہے" میں عبد الکلام کہتا ہے کہ "ہندوستان کے لئے میرے پاس تین نظریے ہیں"، ان میں سے دو لکھئے۔

15. اُردو ادب کے دو مشہور افسانہ نگاروں کے نام لکھئے۔

'16' سے '22' تک کے سوالوں میں سے کسی '5' کے جواب کم سے کم چار جملوں میں لکھئے : (5×4=20)

16. "کیرلا والے آج کل صارفیت کلچر کے عادی ہو چکے ہیں"۔ کنجونّی ماش کے اس قول پر آپ کے خیالات لکھئے۔

17. بابائے قوم گاندھی جی کے بارے میں ایک نوٹ لکھئے۔

18. ذیل میں سے کسی ایک شاعر پر آپ کے خیالات لکھئے۔

(ناصر کاظمی نظیر اکبر آبادی ساحر لدھیانوی)

Score

19. اے۔ پی۔ جے عبد الکلام کے بارے میں مختصر نوٹ لکھئے۔

20. فرض کیجئے کہ آپ کے شہر میں یومِ اُردو کی افتتاح کے لئے مشہور شاعر جاوید اختر آرہے ہیں۔
ان سے انٹرویو لینے کے لئے چند سوالات تیار کیجئے۔

21. آپ نے کئی مقامات کا سفر کیا ہوگا۔ کسی ایک سفر کے تجربات لکھئے۔

22. "بچوں پر فلم اور سیریل کے اثرات" اس موضوع سے متعلقہ ہونے والے سمینار کے لئے چند نکات لکھئے۔

'23' سے '28' تک کے سوالوں میں سے کسی '4' کے جواب کم سے کم چھ جملوں میں لکھئے : **(4×6=24)**

23. ذیل میں سے کسی ایک شخصیت پر تفصیل سے لکھئے۔

(مولانا ابوالکلام آزاد   مرزا غالبؔ)

24. گاندھی جی کے خط کے جواب میں زہرہ نے کیا لکھا ہوگا؟ زہرہ کا جوابی خط تیار کیجئے۔

25. افسانہ 'ٹوبہ ٹیک سنگھ' میں سے کسی ایک کردار پر آپ کے خیالات لکھئے۔

26. ذیل میں سے کسی ایک شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھئے۔

؎ قطع کیجئے نہ تعلق ہم سے
کچھ نہیں ہے تو عداوت ہی سہی

یا

دل دھڑکنے کا سبب یاد آیا
وہ تیری یاد تھی اب یاد آیا

27. دیئے گئے کسی ایک کی آپ بیتی تیار کیجئے۔

(سمندر   پہاڑ   تاج محل)

28. کنجونی ماش کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ مختصر طور پر لکھئے۔

Score

(3×7=21) '29' سے '33' تک کے سوالوں میں سے کسی '3' کے جواب کم سے کم سات جملوں میں لکھئے :

29. نظم 'تاج محل' کے ذریعے شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟ آپ کے خیالات لکھئے۔

30. غزل اور نظم اُردو کے مشہور اصناف ہیں۔ ان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ مختصر نوٹ لکھئے۔

31. نظم "شکایت" کے ذریعے ندا فاضلی زندگی کے بارے میں اپنے خیالات ظاہر کرتے ہیں۔ اس نظم کا خلاصہ لکھئے۔

32. "ہندوستانی فلم اور اُردو" اس موضوع پر ہونے والے سمینار کے لئے چند نکات لکھئے۔

33. ذیل کی رُباعی کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھئے۔

ـ تو ہاتھ کو جب ہاتھ میں لے لیتی ہے

دُکھ درد زمانے کے مٹا دیتی ہے

سنسار کے تپتے ہوئے ویرانے میں

سکھ شانت کی گویا تو ہری کھیتی ہے۔